## کولٹن نیبرہڈ واچ منظم کر رہے ہیں

### اسمبلی مین کولٹن آپ کو نیبرہڈ واچ میں شامل ہونے کی ترغیب دیتے ہیں




کولٹن ہمیشہ سے عوامی تحفظ اور علاقے میں بہتر معیار زندگی کے لئے کوشش کرتے رہے ہیں۔ اب وہ لوگوں کو نیبرہڈ واچ بنانے کے لئے تحریک دے رہے ہیں تاکہ لوگوں کو کچھ نظر آنے پر آواز اٹھانے کا حوصلہ دیا جائے۔

کولٹن کہتے ہیں کہ لوگوں کے لئے سب سے اہم یہ ہے کہ جب وہ کچھ دیکھیں تو آواز اٹھائیں۔ انہوں نے ماضی میں کئی نیبرہڈ بلاک واچز منظم کی ہیں جن میں کئی رضاکاران نے کمیونٹی کے کئی مسائل سدھارنے اور حل کرنے میں مدد دی۔


لوگوں کو ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔ انہیں یقین ہے کہ ایک شخص ہماری مقامی گلیوں میں بڑا اثر پیدا کر سکتا ہے۔ کولٹن آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ ہماری نیبرہڈ واچ میں شامل ہو کر ان کی آنکھیں اور کان بنیں تاکہ وہ آپ کی آواز بن سکیں۔ کولٹن کو یقین ہے کہ علاقے میں یہ بات پھیل جائے گی اور بہت سی آنکھیں ہونے والے واقعات کی اطلاعات دیں گی کیوں کہ لوگوں کو ایک دوسرے کی پرواہ ہے۔




ہماری نیبرہوڈ واچ میں اپنا نام شامل کر کے حل کا حصہ بنیں۔ اگر آپ کوئی جرائم یا حادثات ہوتے دیکھیں تو براہ مہربانی 911 کو فوراً کال کریں اور 911 کے آپریٹر کو درج ذیل بتائیں۔

- پتہ/مقام
- جرم کرنے والے شخص کی تفصیل (لباس کا رنگ، زخموں کے نشانات/ٹیٹو کی تفصیل، قد، جنس اور اندازاً عمر)
- نظر آنے والا اسلحہ
- چوٹ

Community Office, 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223



اسمبلی مین

# ولیم کولٹن

## ہمارے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

بہار 2023

بےگھر شیلٹر کی خبریں دیکھیں

*آپ ذیل کو بھرنے کے بعد اسے کاٹ کر میرے دفتر لا سکتے ہیں یا ڈاک کے ذریعے ارسال کر سکتے ہیں۔*

-------------------------------------------- *براہ مہربانی الگ کریں* --------------------------------------------

اگر آپ نیبرہڈ واچ کے رضاکار بننا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اس خانے پر نشان لگائیں۔

☐ **ہاں، میں نیبرہڈ واچ میں شرکت کرنا اور اس کا حصہ بننا چاہتا/چاہتی ہوں۔**

*براہ مہربانی اس خانے/خانوں پر نشان لگائیں جن کے متعلق آپ ہمارے علاقے میں سب سے زیادہ فکر مند ہیں۔*

☐ عوامی تحفظ اور جرائم ☐ ٹریفک کا تحفظ
☐ اسکولوں کا تحفظ ☐ صحت اور میڈی کل کا مسئلہ
☐ ذرائع نقل و حمل ☐ صفائی
☐ دیگر۔ براہ مہربانی وضاحت کریں ____________________
____________________________________________
____________________________________________

پہلا نام ____________________
آخری نام ____________________
پتہ ____________________
اپارٹمنٹ # __________ زپ کوڈ __________
ٹیلیفون: ____________________
ای میل: ____________________

براہ مہربانی اسے کاٹ کر 155 KINGS HIGHWAY, BROOKLYN, NY 11223 پر کولٹن کے دفتر کو لوٹائیں۔

# کولٹن ہماری کمیونٹی میں

## کولٹن نے نئے قمری سال کا قانون متعارف کروایا




کولٹن نے بل A1275 متعارف کروایا جو ایشیائی قمری نئے سال کو عوامی تعطیل قرار دے گا۔ اسمبلی ممبر گریس لی کی معاونت سے اس بل کو بہت سے مشترکہ اسپانسر ملے ہیں۔

## کولٹن ساؤتھ بروکلن ہسپتال کو وظیفہ دیتے ہیں




کولٹن نے NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز/ساؤتھ بروکلن ہیلتھ، جسے ماضی میں کونی آئلینڈ ہسپتال کے نام سے جانا جاتا تھا، کے لئے ایک ملین ڈالر حاصل کر لیے۔ یہ وظیفہ ہسپتال کی قلبی خدمات کو توسیع دینے، اختتام زندگی کے 6 ایکو یونٹس تبدیل کرنے اور قلب کی انتہائی نگہداشت اور میڈیسن یونٹس وصول کرنے والے مریضوں کو جدید ترین نگہداشت فراہم کرنے میں معاون ہو گا۔


## بےگھر افراد کے شیلٹر کے مقام کے خلاف کمیونٹی ریلی




میں شرکت کرنے والے 500 سے زائد سپورٹر "بےگھر شیلٹر نامنظور" کہہ رہے ہیں۔ یہ واضح پیغام تھا کہ کمیونٹی مجوزہ بےگھر شیلٹر کے خلاف مقابلے میں متحد ہے۔

# ہماری خدمت کر رہے ہیں

## کولٹن ممتاز خواتین کو اعزازات دے رہے ہیں




کولٹن نے ممتاز خواتین کی سالانہ انعامات کی تقریب کا انعقاد کیا جس میں انہوں نے 50 معزز خواتین کو انعامات پیش کیے۔ انہوں نے ان خواتین کی خدمات تسلیم کیں جنہوں نے اس علاقے اور فیملیز کو بہت کچھ دیا ہے۔

## کولٹن سینیئر سنٹرز کا دورہ کر رہے ہیں



کولٹن کثرت سے سینیئر سنٹرز کا دورہ کرتے ہیں اور تھینکس گیونگ کے دوران انہوں نے مقامی علاقے کی سپرمارکیٹس کے عطیہ کیے گئے فیل مرغ تقسیم کیے۔

## کولٹن ہمارے سابق فوجیوں کو اعزازات دے رہے ہیں



کولٹن کے ساتھ کونسل ممبر اری کیگن اور ڈسٹرکٹ کونسل 37 کے صدر شان ڈی فرانسز ا جنہوں نے کولٹن کے سابق فوجیوں کے اعزاز میں رکھے گئے ایونٹ میں اپنی والدہ کو سابق فوجیوں کی خدمات تسلیم کرنے والا ایوارڈ پیش کیا۔

## کولٹن کمیونٹی کی تنظیموں کے ساتھ کام کر رہے ہیں



کولٹن کے ساتھ ایرن سائپرسٹین، جو میٹروپولیٹن کونسل کے منیجنگ ڈائریکٹر برائے قانونی و خارجی امور ہیں۔ انہوں نے غربت کے خلاف لڑنے والوں کو وسائل فراہم کرنے میں مدد کے طریقوں پر بات کی، جن میں یہودیوں کی غربت پر میٹ کونسل کی سماجی خدمات کا کام شامل تھا۔

## کولٹن کا کمیونٹی دفتر آپ کی خدمت میں حاضر ہے


155 کنگز ہائی وے
(ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 اسٹریٹ کے درمیان)
ٹیلیفون: 236-1598 (718)
ای میل: coltonw@nyassembly.gov

پیر تا بدھ . . . . . . . . . صبح 10 تا شام 4 بجے
جمعرات . . . . . نصف النہار 12 تا رات 8 بجے
جمعہ. . . . . . . صبح 10 تا نصف النہار 12 بجے

**ہم درج ذیل کے متعلق آپ کی مدد کریں گے:** *چھوٹے کاروباروں کے خدشات + رہائش کے مسائل + SCRIE / DRIE + STAR /E-STAR + HEAP + ہارٹ شیئر + فوڈ اسٹیمپس + صحت کا بیمہ + ریاست/شہری کی ایجنسیوں کے مسائل + معیار زندگی کے مسائل، ٹریفک کے حفاظتی اقدامات، جیسے ٹریفک لائٹس، اسپیڈ بریکر، گڑھے اور خطرناک کیفیات ٹھیک کروانا اور بہت کچھ*

بہار 2023

# اسمبلی مین
# ولیم کولٹن



**کولٹن ہمارے لئے یہاں اور البانی میں مقابلہ کر رہے ہیں**

## کولٹن 2147 بیتھ ایوینیو کو روکنے کی کوشش میں کامیاب رہے جبکہ 137 کنگز ہائی وے کے مقام پر اسے روکنے کی کوشش جاری ہے




## کولٹن نے سٹی ہال میں ریلی رکھی

گزشتہ ہفتے ہماری مخالفت سٹی ہال کے زینوں تک پہنچی۔ چیف آف اسٹاف سوسن زانگ نے ایک پریس کانفرنس کے لئے چار بسوں کو تقریباً 200 لوگ لانے کا حکم دیا، جن میں سے ایک بس برانکس بےگھر شیلٹرز کے رہائشیوں کی تھی جنھوں نے بےگھر شیلٹرز میں پیش آنے والے دہشت ناک واقعات کی وضاحت کی اور بتایا کہ مزید شیلٹر کیوں نہیں بنائے جانے چاہئیں۔

ہماری کوشش میں تازہ ترین پیشرفت یہ ہے کہ 137 کنگز ہائی وے کے مالک کے قریبی افراد نے مجھ سے رابطہ کیا ہے اور اب وہ بےگھر افراد کا شیلٹر نہیں بنانا چاہتے اور تعمیر کے لئے کسی اور پراجیکٹ کی تلاش میں ہیں۔ یہ ایک اہم مثبت پیشرفت ہے جس کا ہم اپنی کوشش میں جائزہ لیں گے۔

اس دوران میں 137 کنگز ہائی وے پر بےگھر افراد کے شیلٹر کی تعمیر کے خلاف کوشش اور ان پیسہ بنانے والے مقامات میں پیش آنے والے دہشت ناک واقعات کا انکشاف جاری رکھوں گا جو بےگھر افراد کی مدد نہیں کرتے لیکن علاقے کو نقصان پہنچاتے ہیں۔




## کولٹن نے 2147 بیتھ ایوینیو شیلٹر کا مقام کامیابی سے روک دیا

کمیونٹی کو پہلے 2147 بیتھ ایوینیو پر مجوزہ بےگھر افراد کے شیلٹر کے لئے تحریک دینے بعد 137 کنگز ہائی وے پر مجوزہ شیلٹر کے خلاف کوشش جاری ہے۔

گزشتہ دو سالوں میں جب NYC سوشل سروسز کمشنر نے ان دونوں مقامات کا دورہ کیا تو ان تک درخواستوں پر 20,000 سے زائد دستخط پہنچے، ریلیاں رکھی گئیں اور 2147 بیتھ پر مجوزہ مقام روک دیا گیا۔ اب اس مقام پر تین فیملی کے گھروں کی تعمیر شروع ہو چکی ہے۔

## کولٹن نے 137 کنگز ہائی وے کے مقام پر پیشرفت کی ہے

گزشتہ اکتوبر میں کولٹن نے 137 کنگز ہائی وے کے مجوزہ مقام پر ایک وسیع ریلی کا انعقاد کیا، جس میں 700 سے زائد لوگوں نے شرکت کر کے اس مقام کے متعلق کمیونٹی کی مخالفت کا اظہار کیا۔ اسمبلی مین کی چیف آف اسٹاف سوسن زانگ نے اس اختلاف کے اظہار کے لئے کمیونٹی کے تمام حصوں کے لیڈران کو شامل کیا۔ ان کئی لیڈران میں رینی مشعل شامل تھیں جو بے گھر افراد کی مدد کرنے والی ایک غیر منافع بخش تنظیم بریکنگ دی سائیکل ڈراپ کارپ کی بانی ہیں، انہوں نے وضاحت کی کہ بےگھر افراد کے شیلٹر بےگھر افراد کی مدد نہیں کرتے اور اپنے علاقے کے لئے نقصان دہ ہوتے ہیں۔

## اسمبلی مین کولٹن کا دفتر
## میٹروکارڈ خدمات کا کم کرایہ واپس لا رہا ہے

MTA میٹروکارڈ سیلز کا عملہ ہر ماہ اہل افراد کی معاونت کرے گا، یہ کام اسمبلی مین کولٹن کے کمیونٹی دفتر میں ہو گا جو 155 کنگز ہائی وے پر ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 اسٹریٹس کے درمیان واقع ہے۔

| آئندہ تاریخیں | وقت |
|---|---|
| جمعہ، 19 مئی 2023 | صبح 10 تا نصف النہار |
| جمعہ، 16 جون 2023 | صبح 10 تا نصف النہار |

بزرگ شہری 65+ – 65 سال اور زائد عمر کے بزرگ شہری MTA کم کرائے والے میٹروکارڈ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں اور اسی دن ایک عارضی کارڈ خرید سکتے ہیں۔ عمر کا مناسب ثبوت، جیسا کہ ڈرائیونگ لائسنس درکار ہو گا۔

اہل معذوریوں میں مبتلا بزرگ افراد – میڈی کیئر کارڈ اور اصل فوٹو آئی ڈی، جیسا کہ ڈرائیونگ لائسنس کے حامل اہل معذوریوں میں مبتلا افراد کم کرائے والے میٹروکارڈ کی درخواست دے سکتے ہیں اور اسی دن ایک عارضی کارڈ وصول کر سکتے ہیں۔

اہل معذوریوں میں مبتلا افراد – میڈی کیئر کارڈ نہ رکھنے والے لوگ بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ کوئی عارضی کارڈ نہیں جاری کیا جائے گا اور درخواست گزار کو پہلے اہلیت کا تمام معیار پورا کرنے کی ضرورت ہو گی۔ براہ مہربانی نوٹ کریں کہ درخواست پر عمل درآمد میں 8 ہفتے تک لگ سکتے ہیں۔